[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*to make provisions to specifically criminalize acid and burn related violence by providing fair and speedy trial of such heinous offences and for matters connected therewith and incidental thereto*

WHEREAS further to prevent the misuse of corrosive substance and provide treatment to and for rehabilitation of acid and burn victims and their dependents and to further provide legal support and protection to them.

It is hereby enacted as follow:-

## Chapter I

## INTRODUCTION

1. **Short title, extent and commencement.**-(1) This Act may be called the Acid and Burn Crime Act, 2024

(2) It shall apply to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.**-(1) In this Act, unless the subject or context otherwise requires,-

(i) "acid attack" means any act, caused by corrosive substance or throwing of acid or administered in any form on the victim with the intention that such person is likely to cause to the other person permanent or partial damage or injury or deformity or disfigurement to any part of the body or organ or cause death of such victim;

(ii) "acid and burn victim" means a person who has been subjected to an acid attack or burn attack who has either survived as a result thereof or is dead;

(iii) "attempt to commit" whoever does any act with the intention or knowledge and under such circumstances that the act may cause burn, injury or death;

(iv) "burn attack" means any act of injury caused by fire or any other hot substances directed towards the victim with the intention that such act may result in complete or partial damage or deformity or disfiguration to any part of the body or organ of such victim or cause death through burn;

(v) "Board" means the Board constituted under section 19; and

(vi) "child" shall mean a person under the age of eighteen years;

(vii) "crime" means any act of commission or omission punishable by this Act;

(viii) "corrosive substance" means a substance tending to destroy, causing hurt, deface, dismember any body part of a person and includes every kind of acid corrosive substance, sulphuric acid, poison, mercuric chloride, explosive substance or heating substance. or mercuric or bi-chloride or mercury, a white crystalline which acts as poison and includes a substance having corroding effect which is deleterious to human body.

(ix) "Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898);

(x) "Fund" means the Fund created under section 22.

(xi) "Government" means the Federal Government;

(xii) "medical treatment" shall include surgeries or associated procedures, nursing care, physiotherapy, psychological support, psychotherapy etc;

(xiii) "medical facility" means any premises either Government or privately operated which dispenses medical treatment and other rehabilitation services to public;

(xiv) "medical personnel" shall mean every concerned medical staff, officer, doctor, surgeon, psychologist or hospital representative before whom acid attack or burn attack victim has been brought for treatment;

(xv) "PPC" means the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860);

(xvi) "rehabilitation" shall mean bringing or restoring a victim to a normal or optimal state of health, constructive activity, etc. by medical treatment and physical or psychological therapy and also to prepare such victim for useful employment or successful integration into society by counseling, training, etc;

(2) Words and phrases used but not defined in this Act shall have the meaning ascribed thereto in the PPC and the Code.

3. **Overriding effect.**-(1) Without prejudice to the provisions of this Act, the provisions of the Code shall apply *mutatis mutandis* in respect of cases under this Act:

Provided that if it appears that the accused has committed a different offence under any other law he may, if the court is competent to try that offence, be awarded such punishment as may be prescribed.

(2) The Provisions of this Act shall have an overriding effect and shall be in addition to and not in derogation to any other law for the time being in force.

4. **Application of certain laws.**- Victims of acid attack or burn attack shall be deemed to be person with disability and entitled to benefits and all measures prescribed under The Disabled Person (Employment and Rehabilitation) Ordinance, 1981 (XL of 1981).

5. **Criminal liabilities.**- All offences committed under this Act shall be cognizable, non-compoundable and non-bailable.

## Chapter II

## Investigation, Trial and Appeal

6. **Offence of acid attack or burn attack.**- Whoever commits or attempts to commit an offence of acid or burn attack shall-

(i) if such act has resulted in death of any person, be punished with punishment of death; and

(ii) whoever intentionally causes hurt by acid and burn attack shall be punished with rigorous imprisonment for not more than seven years.

7. **Interim relief.**- (1) The court may, at any stage of the trial and on an application by the victim, direct the Government to give interim monetary relief to the victim to meet the expenses incurred and losses suffered by him. Such relief may include, but is not limited to,-

(a) loss of earning;

(b) medical expenses; and

(c) damages on account of disfigurement or disability.

(2) The Government shall give monetary relief to the victim within the period specified in the order made in terms of sub-section (1) and in accordance with the terms thereof.

(3) Such amount which has been paid by the Government or the employer, as the case may be, shall be adjusted towards monetary relief payable by the convict as ordered in the final judgment or shall be recovered as arrears of land revenue.

8. Realization of fines etc.- The amount of fine imposed by court will be realized according to normal procedure provided under the Code and part of such recovered funds will be paid to the victim as compensation.

9. Attempt to commit.- Whoever attempts to commit an offence of acid attack or burn attack shall be punished with imprisonment of either description which may extend to seven years and also with fine not exceeding five hundred thousand rupees.

10. Aiding, abetting, collusion.- Whoever aids, abets or colludes in the commission of acid or burn attack either singally or jointly which may include preparation of act or of execution shall be guilty of committing the said offence and shall be liable to rigorous imprisonment up to seven years.

11. Medical personnel-reporting, examination and other duties.- Save as otherwise provided in section 174A of the Code if an acid or burn victim is brought to a medical officer, basic health unit, hospital, private, Government or semi-government controlled health centre, where medical services are provided shall immediately provide initial treatment to the victim and shall inform the nearest police station or concerned law enforcing agencies and shall also maintain a record in the hospital relating to the antecedents of the said victim, which may include photographic evidence

12. Government-run facilities to provide medical treatment and rehabilitation.- (1) Government-run medical facility shall be under legal obligation to examine the victim or ensure medical examination by competent person or provide him with medical treatment and rehabilitation to treat the acid or burn victims free of cost.

(2) The court shall order that appropriate action be taken against the person in charge of the facility, if there is a contravention of the above provision.

13. Investigation.- Investigation under this Act must be completed by a police officer-in-charge of investigation not below the rank of inspector or SHO within thirty days of the registration of the FIR.

14. Punishment for defective investigation.- If the court finds during the course of investigation or at the conclusion of the trial that the investigation officer or other concerned officers have failed to carry out the investigation with due diligence or have failed to pursue the case properly and are in breach of their duties, the court shall punish such officer with imprisonment which may extend to two years, or with fine, or with both by resorting to summary proceedings.

15. Trial time frame.- Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, the accused shall be prosecuted and the trial shall be conducted on day to day basis and shall be concluded within sixty days.

16. Protection of witnesses.-(1)The court, trying an offence under this Act, may, on application by a witness in any proceedings before it or by the public prosecutor in relation to

such witness or on its own motion, give such directions as it may deem fit, for the protection of witness or witnesses, as the case may be.

(2) Any person who fails to comply with any direction issued under sub-section (1), or any person who threatens or otherwise causes harassment to any such witness shall be guilty of an offence punishable with imprisonment which may extend to two years, or with fine of not more than one hundred thousand rupees or with both.

**17. Cognizance of the crime.**- On failure of lodging of a report by the notified officer the complainant or aggrieved party shall have the right to lodge complaint directly to the concerned court and the court shall take cognizance upon such complaint.

**18. Appeal.**- Any person, aggrieved by the order or judgment of conviction or acquittal passed by Sessions Judge or Additional Sessions Judge may appeal to High Court within a period of thirty days.

## Chapter III

## Establishment of Acid and Burn Crime Monitoring Board

**19. Constitution of Board.**- (1) To implement the objectives of this Act, an Acid and Burn Crime Monitoring Board shall be constituted for a period of five years within thirty days of the commencement of this Act.

(2) The Board shall consist of following members keeping in view that there is at least thirty three percent women representation, namely: -

(i) Secretary Ministry of Interior (GoP);

(ii) representative of Bait-ul-Maal;

(iii) two parliamentarians, at least one should be a woman;

(iv) one medical doctor in burn field;

(v) one lawyer;

(vi) one retired Judge;

(vii) one representative of the Ministry to which business of acid control stands allocated;

(viii) Inspector General Police;

(ix) one member of the National Commission on the Status of Women; and

(x) two representatives from civil society organizations working in the relevant area.

(3) The Government shall nominate any of the members as chairperson of the Board.

**20. Role and responsibilities of the Board.-** (1) The Board will have the following role and responsibilities, namely: -

(i) to ensure and monitor effective implementation of this Act;

(ii) to formulate policies of treatment, rehabilitation and to provide legal aid to the acid and burn victims and take necessary steps to implement and monitor these policies.

(iii) to organize necessary educational programs, campaigns and activities for the purpose of creating public awareness about adverse effects of the misuse of acid and its dangerous impact;

(iv) to undertake research and propose mechanisms to curb crimes related to acid and burn attacks;

(v) to formulate regulations within ninety days of commencement of this Act containing detailed mechanism of the Board operation, fund mechanism, dispensation of funds, signatories and other practicalities; and

(vi) to take other necessary steps in order to carry out the objectives of this Act and above mentioned responsibilities and duties.

**21. Meeting of the Board.-**(1)The Board may decide the procedure of its meetings in accordance with the objectives of this Act as may be prescribed by regulations.

(2) All meetings of the Board shall be held at a place and time determined by its Chairperson. Notwithstanding any other consideration, there shall be at least one meeting in every three months.

(3) The quorum of a meeting shall be one-third of the total members of the Board.

## Chapter IV

### Federal Acid and Burn Crime Monitoring Boards' Fund, Rehabilitation of Acid and Burn Victims, Free medical treatment and rehabilitation, free legal aid, and related provisions

**22. Acid and Burn Crime Monitoring Fund.-** (1) The Government shall allocate a grant to the Board.

(2) The funds shall be collected from the following sources, namely: -

(i) annual grant from the Government;

(ii) Bait-ul-maal;

(iii) grants and aid given by international donors; and

(iv) funds provided by any non-governmental organization, private donors or individual philanthropists.

(3) Funds may be maintained and utilized according to the procedure and in the form determined by the rules made under this Act.

(4) Chairperson of the Board shall be the principal accounting officer.

(5) Detailed procedure with respect to maintenance of fund account, process of procuring funds as stated in sub-section (2) and operation of funds shall be provided in the rules.

**23. Accounting and auditing.-** (1) The Board shall maintain accounts properly in line with guidelines and polices contained in Government rules provided for such activities and prepare an annual report.

(2) Auditor General of Pakistan shall audit the accounts of the Board yearly and shall submit a copy of this audit report to the Government and to the Board.

**24. Free medical treatment for acid and burn victims.-** It shall be the responsibility of the Government to provide free medical treatment and rehabilitation to acid and burn victims. All basic health units and Governmental hospitals in Islamabad Capital Territory (ICT) shall be under duty to provide free medical treatment to acid and burn victims.

**25. Rehabilitation centre for acid and burn victim.-** (1) Government shall establish one or more than one rehabilitation centre for acid and burn victims.

(2) Governmental may declare any Government establishment as rehabilitation centre of acid and burn victims through gazette notification.

**26. Legal aid for the acid and burn victim.-** (1) Any victim or someone on his behalf may apply to the Board for legal aid.

(2) After considering application submitted under sub-section (1), or perusing some other information or considering its own assessment, the Board may decide to provide legal aid to any acid and burn victim, either by appointing a lawyer, or by engaging a lawyer of the victim's choice on reasonable legal fee.

## Chapter V

### Provisions related to women, children and dependants of victim etc

27. Where acid and burn victim is a child.-If acid and burn victim is a child, the Board shall provide free accommodation, for two years where required, at a suitable place and ensure long term sustenance of such victim.

28. Support for acid or burn victim.- The Board shall undertake responsibility for providing free shelter, sustenance and basic needs till such time that the victim is financially independent.

29. Dependents of victims.- Where acid and burn victims has dependants, the Board shall take the responsibility of providing sustenance or basic needs for such dependents till such time any dependants become financially independent and able to support the family.

30. Duty review and assess cases.- All cases mentioned in sections 29, 30 and 31 shall be reviewed and assessed by the Board from time to time and pass appropriate orders.

31. Duty to assist victim during legal proceedings.- It shall be the duty of the Board to ensure that acid and burn victim is protected from intimidation and harassment during course of his legal action.

## Chapter VI

### Miscellaneous

32. Power to make rules.- In furtherance of the objectives of this Act, the Government may by notification in official Gazette make rules.

33. Power to make regulation.- The Board may, by notification in the official Gazette, make regulations not inconsistent with the provisions of this Act and the rules made thereunder.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Acid throwing & burn crimes are increasing year by year. Hundreds of women and children fall victim to this horrendous crime, with no possibility to seek justice and support.

Due to the socioeconomic circumstances pertaining to victim, the fear and stigma they are facing as well as the highly complex nature of acid & burn injuries, a specific and comprehensive legislation is needed. This will result in perpetrators facing effective deterrent, victims accessing and obtaining justice, availing free relevant medical and psycho-social rehabilitation services.

It is imperative to redress a crime, which constitutes one of the most heinous violations of human rights. We need to ensure the protection and dignified life of Pakistani citizens within the spirit of the international Conventions signed and ratified by the Pakistani state. These include UDHR, CEDAW, CRC, ICCPR.

These efforts to address this crime in an effective manner is fully in accordance with the principles of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973.

Sd-

DR. MAHREEN RAZZAQ BHUTTO,
Member National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# تیزاب اور آگ سے جلانے پر مبنی تشدد کو خاص طور پر جرم قرار دینے کے لیے شفاف اور فوری سماعت کا انتظام اور ایسے گھناؤنے جرائم کی فوری سماعت کر کے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کی غرض سے احکامات وضع کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ گھلا دینے والے مادہ کے بے جا استعمال کی روک تھام کی جائے اور تیزاب کے اور آگ سے جلائے گئے متاثرین اور ان کے زیر کفالت افراد کو علاج معالجہ فراہم کیا جائے؛ اور ان کو مزید قانونی مدد اور تحفظ فراہم کیا جائے؛

لہٰذا بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

## باب اوّل

## تعارف

1۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (1) ایکٹ ہذا تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا ایکٹ، 2024ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) اس کا اطلاق علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر ہوگا۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ **تعریفات:۔** (1) ایکٹ ہذا میں، بجز اس کے کہ موضوع یا سیاق و سباق سے کچھ اور ظاہر ہو:

(i) ''تیزاب گردی'' سے مراد کوئی ایسا فعل ہے جو متضرر پر کسی بھی شکل میں پھینکے گئے یا استعمال کئے گئے گھلا دینے والا مواد/ تیزاب کا نتیجہ ہو کہ وہ شخص دوسرے شخص کو مستقل یا جزوی نقصان پہنچانے/ زخمی کرنے یا چہرہ بگاڑنے یا اس کے جسم یا عضو کے کسی حصے کی ہیئت بگاڑنے یا مذکورہ متضرر کی موت کا باعث ہو سکتا ہو؛

(ii) ''تیزاب یا آگ سے متاثرہ شخص'' سے مراد کوئی ایسا شخص ہے جس پر تیزاب سے حملہ یا آگ سے جلانے کے لئے حملہ کیا گیا جو اس کے نتیجے میں زندہ بچ جائے یا ہلاک ہو جائے؛

(iii) ''ارتکاب کی کوشش'' جو کوئی اس طرح کے ارادے یا علم رکھتے ہوئے اور ایسے حالات کے تحت کوئی فعل کرے کہ وہ مرد/ عورت اس فعل کے کسی کو جلانے، زخمی کرنے یا ہلاک کرنے کا موجب ہو؛

(iv) ''آگ سے جلانے کا حملہ'' سے مراد آگ اور دیگر کسی گرم مواد کے حوالے سے اور ایسا کوئی فعل اور جو متضرر کو نقصان پہنچانے کے لیے ہو اور ارادے کے ساتھ متضرر کی جانب بڑھائی گئی ہوں جس کے نتیجے میں متضرر کو مستقل یا جزوی طور پر نقصان پہنچے یا چہرہ بگڑ جائے یا اس کے جسم کے کسی حصے یا عضو کی ہیئت خراب ہو جائے یا جلنے سے اس کی موت واقعہ ہو جائے؛

(v) ''بورڈ'' سے مراد دفعہ 19 کے تحت تشکیل کردہ بورڈ ہے؛

(vi) ''بچہ'' سے مراد 18 سال کی عمر سے کم کا فرد ہوگا؛

(vii) ''جرم'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت دانستہ یا نادانستہ قابل سزا کوئی فعل ہے؛

(viii) ''گھلا دینے والا'' سے مراد ایسا مواد ہے جس میں تباہ کرنے، زخمی کرنے، چہرہ بگاڑنے، کسی شخص کے عضو کو الگ کرنے کی خاصیت ہو اور اس میں تیزاب سے ہر طرح کا گھلنا، گندھک کا تیزاب، زہر، مرکیورک، دھماکہ خیز مواد یا حدتی مواد یا مضر اشیاء، مرکیورک۔ بائی کلورائیڈ یا مرکری، ایک سفید قلمی مواد جو زہر کا کام کرتا ہے، شامل ہے اور اس میں وہ مواد بھی شامل ہے جو گھلا دینے والے اثر کا حامل ہو جو انسانی جسم کے لیے مضرت رساں ہو۔

(ix) ''مجموعہ قانون'' سے مراد مجموعہ ضابطہ فوجداری (ایکٹ نمبر 5 مجریہ 1898ء) ہے؛

(x) ''فنڈ'' سے مراد دفعہ 22 کے تحت ترتیب دیا گیا فنڈ ہے؛

(xi) ''حکومت'' سے مراد وفاقی حکومت ہے؛

(xii) ''طبی علاج'' میں جراحتیں یا متلازم طریق ہائے کار، نگہداشت علاج معالجہ، فزیوتھراپی، نفسیاتی مدد، نفسیاتی علاج وغیرہ شامل ہوگا؛

(xiii) ''طبی سہولت'' سے مراد سرکاری یا نجی طور پر چلائی جانے والی ایسی عمارت ہے جس میں عوام کو طبی علاج معالجہ اور بحالی کی دیگر خدمات فراہم کی جاتی ہوں؛

(xiv) ''طبی عملہ'' سے مراد ہر ایک متعلقہ طبی عملہ/ افسر، ڈاکٹر، سرجن، ماہر نفسیات یا ہسپتال کا نمائندہ ہے جس کے پاس تیزاب کے حملہ یا آگ سے جلانے کے حملہ کے متاثرہ فرد کو علاج کے لیے لایا جاتا ہے؛

(xv) ''پی پی سی'' سے مراد مجموعہ تعزیرات پاکستان، 1860ء (ایکٹ نمبر 45 مجریہ 1860ء) ہے؛

(xvi) ''بحالی'' سے مراد کسی متضرر کو طبی علاج معالجے اور جسمانی یا نفسیاتی علاج کے ذریعے معمول یا بہترین صحت مندانہ اور تعمیری سرگرمیاں وغیرہ انجام دینے کی حالت تک لانا ہوگا اور اس متضرر کو مشورہ اور تربیت وغیرہ کے ذریعے معاشرے میں کارآمد روزگار یا کامیاب انضمام کے لیے تیار کرنا بھی ہوگا؛

(2) الفاظ و محاورات جن کی ایکٹ ہذا میں تعریف نہیں کی گئی ان سے وہی مراد ہوگا جیسا کہ پی پی سی اور سی آر پی سی میں ان کو منسوب کیا گیا ہے۔

3۔ **تنسیخی اثر**۔ (1) ایکٹ ہذا کی دفعات پر اثر انداز ہوئے بغیر، مجموعہ ضابطہ فوجداری کی دفعات کا ایکٹ ہذا کے تحت مقدمات کے ضمن میں مناسب تبدیلیوں کے ساتھ اطلاق ہو۔

بشرطیکہ اگر ایسا ظاہر ہو کہ مجرم نے کسی دیگر قانون کے تحت ایک مختلف جرم کا ارتکاب کیا ہے تو اگر عدالت اس جرم کی سماعت کی مجاز ہو تو اسے (مرد/عورت) ایسی سزا دے سکتی ہے جو تجویز کی گئی ہو۔

(2) ایکٹ ہذا کی دفعات تنسیخی اثر کی حامل ہوں گی نیز فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کے علاوہ ہونگی اور اس کی تحقیر میں نہیں ہوں گی۔

4۔ **بعض قوانین کا اطلاق**:۔ تیزاب کے حملہ یا آگ سے جلانے کے حملہ کا متاثرہ فرد معذوری کا حامل فرد متصور ہوگا اور معذور فرد (روزگار و بحالی) آرڈیننس، 1981ء (نمبر 40 بابت 1981ء) کے تحت صراحت کردہ فوائد اور تمام اقدامات کا مستحق ہوگا۔

5۔ **فوجداری ذمہ داریاں**:۔ ایکٹ ہذا کے تحت ارتکاب کردہ تمام جرائم قابل سماعت، ناقابل مصالحت اور ناقابل ضمانت ہوں گے۔

## باب دوم

## تفتیش، سماعت اور مرافعہ

6۔ **تیزاب کے حملہ یا آگ سے جلانے کے حملہ کا جرم**:۔ جو کوئی تیزاب یا آگ سے جلانے کے حملہ کے جرم کا ارتکاب کرے یا ارتکاب کی کوشش کرے تو اُسے:

(i) اگر ایسے فعل سے کسی فرد کی موت واقع ہو جائے، تو اسے سزائے موت دی جائے گی؛ نیز

(ii) جو کوئی دانستہ طور پر تیزاب یا آگ سے جلانے کے حملہ سے زخم پہنچائے، تو اسے قید بامشقت کی سزا دی جائے گی جو کہ 7 سال سے کم نہ ہوگی۔

7۔ **عبوری ریلیف**:۔(1) عدالت، سماعت مقدمہ کے کسی بھی مرحلہ پر، متاثرہ کی درخواست پر، اس کے اخراجات اور برداشت کئے گئے نقصانات کی تلافی کے لیے اسے عبوری مالی امداد دینے کا حکومت کو حکم دے سکتی ہے۔ اس امداد میں حسب ذیل شامل ہو سکتی ہے مگر اس تک محدود نہ ہوگی:۔

(الف) آمدن کا نقصان؛

(ب) طبی اخراجات؛ اور

(ج) ہیت مسخ ہونے اور/ یا معذوری کی بناء پر ہونے والے نقصانات۔

(2) حکومت متاثرہ فرد کو ذیلی دفعہ (1) کی رو سے صادر کردہ حکم اور اس کی شرائط کے مطابق میں مصرحہ عرصہ کے اندر میں مالی امداد ادا کرے گی۔

(3) یہ رقم جو حکومت یا آجر یا قرض دہندہ، جیسی بھی صورت ہو، کی جانب سے ادا کی جا چکی ہو، حتمی فیصلہ میں حکم کے مطابق سزا یاب فرد کی جانب سے قابل ادا مالی امداد میں ایڈجسٹ کی جائے گی یا محاصل اراضی کے بقایاجات کے طور پر وصول کی جائے گی۔

8۔ **جرمانوں وغیرہ کی وصولی**:۔ عدالت کی جانب سے عائد کردہ جرمانہ کی رقم فوجداری قانون کے تحت مصرحہ عمومی طریق کار کے مطابق وصول کی جائے گی اور ایسے موصولہ فنڈز کا ایک حصہ متاثرہ فرد کو بطور زر تلافی ادا کیا جائے گا۔

9۔ **ارتکاب کی کوشش**:۔ جو کوئی تیزاب کے حملہ یا آگ سے جلانے کے حملہ کے کسی جرم کا ارتکاب کرنے کی کوشش کرے اسے کسی ایک نوعیت کی سزائے قید دی جائے گی جو کہ 7 سال تک ہو سکتی ہے نیز جرمانہ بھی جو کہ پانچ لاکھ روپے سے زیادہ نہ ہوگا۔

10۔ **معاونت، اعانت، ملی بھگت**:۔ جو کوئی بھی خواہ اکیلا یا مشترکہ طور پر تیزاب یا آگ سے جلانے کے حملے کے ارتکاب میں معاونت، اعانت یا سازش کرے جس میں اس فعل یا اس پر درآمد کی تیاری شامل ہو وہ مذکورہ جرم کے ارتکاب کا قصوروار ہوگا اور سات سال قید بامشقت کا مستوجب ہوگا۔

11۔ **طبی عملہ۔ رپورٹنگ، معائنہ و دیگر فرائض**:۔ بجز اس کے کہ سی آر پی سی کی دفعہ 174 الف میں کچھ اور مذکورہ ہو، اگر کوئی تیزاب/ آگ سے جلنے کا متاثرہ فرد طبی افسر، بی ایچ یو، ہسپتال، نجی، سرکاری یا نیم سرکاری کنٹرول کے تحت قائم مرکز صحت میں لایا جائے جہاں طبی خدمات فراہم کی جاتی ہوں، فوراً متاثرہ فرد کو ابتدائی علاج فراہم کرے گا اور اس کا یہ قانونی فرض ہوگا کہ وہ قانون نافذ کرنے والے متعلقہ ادارہ یا نزدیک ترین تھانہ میں اطلاع دے اور مذکورہ متاثرہ فرد کے سابقہ حالات سے متعلق ہسپتال میں ریکارڈ بھی تیار رکھے گا جس میں فوٹوگراف کے ثبوت شامل ہیں۔

12۔ **سرکاری طور پر چلائے جانے والے صحت مراکز کا طبی عملہ بلا معاوضہ معائنہ، طبی علاج اور بحالی کی خدمات فراہم کرے گا**:۔(1) سرکاری طور پر چلایا جانے والا طبی مرکز میں ہر ایک طبی اہلکار کی قانون ذمہ داری ہوگی کہ وہ متاثرہ فرد کا معائنہ کرے اور/ یا مجاز فرد سے طبی معائنہ یقینی بنائے اور یا تیزاب یا فراہم آگ سے جلنے والے متاثرہ افراد کے بلا معاوضہ علاج کرنے کے لیے طبی علاج و بحالی کی خدمت فراہم کرے۔

(2) عدالت مذکورہ دفعہ کی خلاف ورزی پر طبی اہلکار یا طبی مرکز، جیسی بھی صورت ہو، کے خلاف مناسب کارروائی کرنے کے لیے حکم جاری کرے گی۔

13۔ **تفتیش**:۔ تفتیشی نگران پولیس افسر جو کہ انسپکٹر/ ایس ایچ او کے رینک سے کم نہ ہو کو ایکٹ ہذا کے تحت اطلاع ملنے یا ایف آئی آر درج ہونے کے 30 (تیس) ایام کے اندر تفتیش مکمل کرنا چاہیے۔

14۔ **ناقص تفتیش کے لیے سزا**:۔ اگر عدالت تفتیش کے دوران یا سماعت کے اختتام پر اگر عدالت اس نتیجہ پر پہنچے کہ تفتیشی افسر یا دیگر متعلقہ افسران مناسب احتیاط کے ساتھ تفتیش کرنے میں ناکام رہے یا مقدمہ کی مناسب انداز میں پیروی میں ناکام رہے نیز اپنے فرائض سے کوتاہی کی تو عدالت ایسے افسر/ افسران کو سرسری کارروائی کے بعد قید کی سزا دے گی جو کہ دو سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں۔

15۔ **سماعت مقدمہ کی مدت**:۔ بلا لحاظ اس امر کے کہ فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں کچھ مذکور ہو، ملزم کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور مقدمہ روزانہ کی بنیاد پر چلایا جائے گا اور ساٹھ دن کے اندر اسے سمیٹ دیا جائے گا۔

16۔ **گواہان کو تحفظ**:۔(1) عدالت، اس ایکٹ کے تحت کسی جرم کا مقدمہ چلاتے وقت کسی کارروائی سے قبل کسی گواہ کی طرف سے درخواست پر یا ایسے گواہ سے متعلق سرکاری وکیل یا از خود، ایسی ہدایات دے سکتی ہے جو یہ گواہ یا گواہان کی حفاظت کے لئے، جیسی بھی صورت ہو، مناسب تصور کرے؛

(2) کوئی شخص جو ذیلی دفعہ (1) کے تحت جاری کی گئی کسی ہدایت پر عمل درآمد نہیں کرتا، یا کوئی شخص جو دھمکیاں دے یا بصورت دیگر کسی ایسے گواہ کو ہراساں کرے وہ ایسے جرم کا مرتکب ہوگا جو سرسری طریق کار کے تحت سزائے قید کا مستحق ہوگا جو دو سال تک، یا بمعہ جرمانہ جو ایک لاکھ روپے سے زائد نہیں ہو یا دونوں ہو سکتے ہیں؛

17۔ **جرم کی سماعت**:۔ اعلان کردہ افسر کی جانب سے رپورٹ درج نہ کرنے پر مستغیث/ متاثرہ فریق کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ متعلقہ عدالت میں براہ راست دعویٰ دائر کر دے اور عدالت ایسی شکایت پر سماعت کرے گی۔

**18۔ اپیل:**۔ کوئی شخص، جو سیشن جج یا ایڈیشنل سیشن جج جس نے مقدمہ چلایا ہے اس کی طرف سے سزا دینے یا بری کرنے کے حکم یا فیصلہ سے متاثر ہوا ہے، تو وہ 30 یوم کے عرصہ کے اندر ہائی کورٹ کو اپیل کر سکتا ہے۔

## باب سوم

## تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا نگران بورڈ کا قیام

**19۔ نگران بورڈ کا قیام:**۔(1) ایکٹ ہذا کے مقاصد پر عمل درآمد کے لئے ایک ''تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا نگران بورڈ'' کو ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے تیس یوم کے اندر پانچ سال کی مدت کے لئے قائم کیا جائے گا۔

(2) بورڈ حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہوگا اور 33 فیصد خواتین نمائندگی کو مدنظر رکھا جائے گا، یعنی:۔

(i) سیکرٹری وزارت داخلہ (حکومت پاکستان)؛

(ii) بیت المال کا نمائندہ؛

(iii) دو اراکین پارلیمان، کم از کم ایک خاتون ہوگی؛

(iv) جلنے سے متاثرہ مریضوں کے شعبہ علاج سے ایک میڈیکل ڈاکٹر؛

(v) ایک وکیل؛

(vi) ایک ریٹائرڈ جج؛

(vii) وزارت جس کو انضباط تیزاب کا موضوع تخصیص کیا گیا ہو، سے ایک نمائندہ؛

(viii) انسپکٹر جنرل پولیس؛

(ix) قومی کمیشن برائے وقار نسواں سے ایک رکن؛ نیز

(x) سول سوسائٹی کے اداروں سے دو نمائندگان جو متعلقہ شعبہ میں کام کر رہے ہوں۔

(3) حکومت اراکین میں سے کسی کو بورڈ کے چیئرپرسن کی حیثیت سے نامزد کرے گی۔

**20۔ بورڈ کا کردار اور ذمہ داریاں:**۔ بورڈ کا درج ذیل کردار اور ذمہ داریاں ہوں گی، یعنی:۔

i۔ ایکٹ ہذا پر موثر عمل درآمد کو یقینی بنانا اور نگرانی کرنا؛

ii۔ تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثر ہونے والوں کے علاج، بحالی اور ان کو قانونی امداد فراہم کرنے کے لئے پالیسیاں تشکیل دینا اور ان پالیسیوں پر عمل درآمد اور نگرانی کے لئے ضروری اقدامات کرنا؛

iii۔ تیزاب کے غلط استعمال اور اس کے خطرناک اثرات کے بارے میں عوام میں آگاہی پیدا کرنے کی غرض سے ضروری تعلیمی پروگرام اور مہم اور سرگرمیاں ترتیب دینا؛

iv۔ تیزاب اور آگ سے جلانے سے متعلق حملوں سے متعلق جرائم کی روک تھام کے لئے تحقیق کرنا اور نظام تجویز کرنا؛

v۔ ایکٹ ہذا کی منظوری کے 90 دنوں کے اندر قواعد وضع کرنا جو بورڈ کی عمل کاری کے مفصل نظام، فنڈ کے نظام، فنڈ کی تقسیم، دستخط کنندگان اور دیگر عملی کوائف پر مشتمل ہوں گے؛

vi۔ ایکٹ ہذا کے اغراض اور مذکورہ بالا ذمہ داریوں اور فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں دیگر ضروری اقدامات کرنا؛

**21۔ بورڈ کا اجلاس:**۔(1) بورڈ ایکٹ ہذا کے مقاصد کے مطابق ضوابط کے تحت اپنے اجلاسوں کے طریق کار کے بارے میں فیصلہ کر سکتا ہے؛

(2) بورڈ کے تمام اجلاس اس کے چیئرپرسن کی جانب سے مقرر کردہ مقام اور وقت پر ہوں گے بلالحاظ اس امر کے کہ کوئی دیگر معاملہ ہو، ہر تین ماہ میں کم سے کم ایک اجلاس ہوگا؛

(3) اجلاس کے لئے بورڈ کے کل اراکین کے ایک تہائی اراکین کی حاضری کورم ہوگا۔

## باب چہارم

## تیزاب اور جلانے کے جرائم کے نگران وفاقی بورڈ کا فنڈ، تیزاب اور جلانے سے متاثرہ افراد کی بحالی، مفت طبی علاج معالجہ اور بحالی، مفت قانونی امداد اور متعلقہ دفعات

22۔ **تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کے نگران بورڈ کا فنڈ**:۔(1) حکومت بورڈ کے لئے گرانٹ کی تخصیص کرے گی۔

(2) فنڈز درج ذیل ذرائع سے جمع کئے جائیں گے، یعنی:۔

(i) حکومت کی جانب سے سالانہ گرانٹ؛

(ii) بیت المال؛

(iii) بین الاقوامی ڈونر کی جانب سے دی گئی گرانٹس و امداد؛ اور

(iv) کسی غیر سرکاری تنظیم، نجی عطیہ کنندگان یا انفرادی مخیّر حضرات کی جانب سے فراہم کردہ فنڈز؛

(3) ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ قواعد کے مطابق بنائے گئے طریق کار اور تعین کردہ شکل میں رکھے اور استعمال کئے جا سکیں گے؛

(4) بورڈ کا چیئرپرسن پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر ہوگا؛

(5) فنڈ کے اکاؤنٹ کی دیکھ بھال کے ضمن میں مفصل طریق کار، بالا ذیلی دفعہ 2 میں بیان کے مطابق فنڈز کے حصول کے عمل اور فنڈز کے استعمال کی صراحت قواعد میں کی جائے گی۔

23۔ **اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ**:۔(1) بورڈ حکومتی قواعد میں شامل رہنما اصولوں اور پالیسیوں کے مطابق مناسب طریقے سے حسابات رکھے گا جن کی صراحت اس قسم کی سرگرمیوں کے لئے کی گئی ہے اور سالانہ رپورٹ تیار کرے گا۔

(2) آڈیٹر جنرل پاکستان بورڈ کے حسابات کا سالانہ آڈٹ کرے گا؛ اور حکومت، اور بورڈ کو اس آڈٹ رپورٹ کی ایک ایک نقل پیش کرے گا۔

24۔ **تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کے لیے مفت طبی علاج**:۔ تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کو مفت طبی علاج فراہم کرنا اور ان کی بحالی حکومت کی ذمہ داری ہوگی۔ آئی سی ٹی (اسلام دارالحکومتی علاقہ) میں واقع صحت کے تمام بنیادی مراکز اور سرکاری ہسپتالوں میں تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کو مفت طبی علاج فراہم کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔

25۔ **تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کے لیے بحالی مرکز**:۔(1) حکومت تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کے لیے ایک یا ایک سے زیادہ بحالی مراکز قائم کرے گی؛

(2) حکومت گزٹ نوٹیفیکیشن کے ذریعے کسی بھی سرکاری ادارہ کو تیزاب اور آگ سے جلنے کے متاثرین کے لیے بحالی مرکز قرار دے سکتی ہے۔

26۔ **تیزاب اور جلنے کے متاثرین کے لیے قانونی امداد**:۔(1) کوئی بھی متاثرہ فرد یا اس متاثرہ فرد کے ایماء پر کوئی شخص قانونی امداد کے لیے بورڈ کو درخواست دے سکتا ہے؛

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت پیش کردہ درخواست پر غور کرنے یا کچھ دیگر معلومات کا بغور جائزہ لینے کے بعد یا اپنے جائزے پر غور کرتے ہوئے بورڈ یا تو کسی کی تعیناتی کرکے یا معقول قانونی فیس پر متاثرہ فرد کے لئے اپنی پسند کا وکیل مقرر کرکے تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثرہ فرد کو قانونی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

## باب پنجم

## خواتین، بچوں اور متاثرہ فرد کے لواحقین وغیرہ سے متعلقہ دفعات

27۔ **جہاں تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثرہ کوئی بچہ ہو**:۔ اگر تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثرہ کوئی بچہ ہے، تو بورڈ دو سال کے لیے جہاں درکار ہو، موزوں جگہ پر مفت رہائش فراہم کرے گا اور ایسے متاثر بچے کی طویل عرصہ کے لیے خوراک کی فراہمی کو یقینی بنائے گا؛

28۔ **تیزاب یا آگ سے جلنے کے متاثرین کی معاونت**:۔ بورڈ اس وقت تک کہ متاثرہ شخص مالی طور پر خود کفیل نہ ہو جائے؛ اسے پناہ، خوراک اور بنیادی ضروریات فراہم کرنے کی ذمہ داری لے گا۔

29۔ **متاثرین کے زیر کفالت افراد**:۔ جہاں تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثرہ فرد کے زیر کفالت افراد ہوں، تو بورڈ ایسے زیر کفالت افراد کے لیے ایسے وقت تک خوراک یا بنیادی ضروریات فراہم کرنے کی ذمہ داری لے گا جب تک کہ کوئی زیر کفالت فرد مالی طور پر خود کفیل نہیں ہو جاتا اور خاندان کی کفالت کرنے کے قابل نہیں ہو جاتا۔

30۔ **کیسز پر نظر ثانی اور جائزہ لینے کا فرض**:۔ دفعات 29، 30 اور 31 میں مذکور تمام معاملات کا بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً نظر ثانی اور جائزہ لیا جائے گا اور موزوں احکامات صادر کئے جائیں گے۔

31۔ **قانونی کارروائی کے دوران متاثرہ فرد کی معاونت کا فرض**:۔ اس امر کو یقینی بنانا بورڈ کا فرض ہوگا کہ تیزاب اور آگ سے جلنے سے متاثرہ فرد قانونی کارروائی کے دوران دھمکی اور/ یا ہراسگی سے محفوظ رہے۔

## باب ششم

## متفرقات

32۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار**:۔ ایکٹ ہذا کے مقاصد کو مزید آگے بڑھانے کے لئے سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے حکومت قواعد اور ضوابط وضع کر سکتی ہے۔

33۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار**:۔ بورڈ سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ضوابط وضع کر سکتا ہے جو کہ ایکٹ ہذا اور اس کے تحت وضع کئے گئے قواعد کی دفعات سے متضاد نہ ہوں۔

## بیان اغراض و وجوہ

تیزاب پھینکنے اور آگ سے جلانے کے جرائم میں سال بہ سال اضافہ ہو رہا ہے سینکڑوں خواتین اور بچے اس بھیانک جرم کا شکار ہوتے ہیں اور انصاف اور معاونت حاصل کرنے کا کوئی امکان نہیں ہوتا۔

متاثرین کے سماجی معاشی حالات، خوف اور بدنامی جن کا وہ سامنا کر رہے ہوتے ہیں کے ساتھ ساتھ تیزاب اور آگ سے جلنے کے زخموں کی شدید پیچیدہ نوعیت کے باعث ایک خصوصی اور جامع قانون سازی کی ضرورت ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ حملہ آوروں کو مؤثر مزاحم کا سامنا کرنا ہوگا، متاثرین کو انصاف تک رسائی اور انصاف ملے گا اور وہ بلا معاوضہ ضروری طبی اور نفسیاتی۔ معاشرتی بحالی کی خدمات سے استفادہ کر سکیں گے۔

اس جرم کو ختم کرنا نہایت ضروری ہے جو کہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی میں سے ایک ہے۔ ہمیں پاکستانی ریاست کی جانب سے دستخط کردہ اور توثیق کردہ بین الاقوامی کنونشنز کی روح کے تحت پاکستان کے شہریوں کی زندگی کے تحفظ و تکریم کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ ان میں یو ڈی ایچ آر، سی ای ڈی اے ڈبلیو، سی آر سی، آئی سی سی پی آر شامل ہیں۔

اس جرم کو مؤثر طور پر روکنے کے لیے یہ کوششیں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، 1973ء کے اصولوں کے عین مطابق ہیں۔

دستخط/۔

محترمہ مہرین رزاق بھٹو

رکن، قومی اسمبلی۔